New Creation Book for Muslims 5

the Pilgrimage for New Creation Muslims



نئی تخلیق کی عیدالاضحیٰ
حضرت ابراہیم کی قربانی کی ضیافت ہے۔ (۲۰۷)
جس نے اس معتبر قربانی کو یاد رکھا
جب اللہ تعالیٰ نے اس کے وارث کو بچایا
یہ جشن حضرت ابراہیم کے عظیم وارث
حضرت عیسیٰ، جو اللہ کا پیغمبر اور اسکا کلام ہے، (۲۰۸)
کا منتظر تھا

وہ جو دنیا کو وراثت میں لے گا اور اسکی عدالت کریگا
اس لحاظ سے عیسیٰ ابراہیم کے عہد کا پیغمبر ہے
زیارت کے اختتام پر
حضرت ابراہیم کی ارضِ مقدس پر،
جہاں اللہ تعالیٰ نے ایک ابدی بدلہ،
جو دنیا کے گناہ اٹھا لیجاتا ہے، فراہم کر کے
اسکے وارث کو بچایا، مسیحی عیدالاضحیٰ
مسیح کی عظیم قربانی کی یاد دلاتی ہے۔ (۲۰۹)

(۲۰۷) کچھ لوگوں کو ہمارے تناظر کی شراکت کی ضیافت کیلئے عیدالاضحیٰ کا نام استعمال کرنے پر اعتراض ہو سکتا ہے کیونکہ عیدالاضحیٰ تو ایک سال کے خاص دن پر منائی جاتی ہے، لیکن شراکت تو کسی وقت بھی منائی جا سکتی ہے۔ تاہم خدا کا عید فسح کا کھانا بھی سال میں ایک ہی دفعہ ہوتا ہے جسکو عیسیٰ نے ایک یادگاری کی ضیافت بنادی جسے اکثر اوقات مناتے ہیں۔ کیونکہ عید فسح اور عیدالاضحیٰ دونوں کا تعلق ابراہیم کی قربانی سے ہے اور عارفانہ شراکت کے نظریہ سے جس میں پوری دنیا کی لعنت شامل ہے، تاہم اس سیاق و سباق میں الفاظ کا یہ استعمال مناسب ہے۔

(۲۰۸) سورۃ النساء ۴ : ۱۷۱؛ ملاکی ۳ : ۱؛ یوحنا ۱ : ۱

(۲۰۹) سورۃ صٰفٰت ۳۷ : ۱۰۷

5

The New Creation Pilgrimage

The New Creation 'Id ul-Adha

is the feast of sacrifice of Ibrahim [207]
who remembered with a solemn sacrifice
when Allah spared his heir.
This celebration looked forward to Ibrahim's greatest heir,
the Messiah Isa, who is the Messenger of Allah
and his Word [208]
the one who will inherit and judge the whole world.
As such, Isa is the Messenger of Ibrahim's covenant (*'ahd*).
The Messianic 'Id al-Adha commemorates
Isa's momentous sacrifice or *beezah 'azim* [209]
at the end of his pilgrimage
in the holy land of Ibrahim (*Muqaddasa*),
when Allah spared all his heirs
by providing the eternal Lamb of God
who takes away the sin of the world.

---

207 Some may object to the use of 'Id ul-Adha as a name for a contextualized communion since *'Id ul-Adha* refers to a specific day of the year, whereas communion is celebrated more frequently. However, the Lord's Seder is a once-a-year festival (Passover) that Isa turned into a remembrance meal of more frequent celebration. Since both Passover and *'Id ul-Adha* have connections with Abraham's sacrifice and with the concept of mystical communion in a world-embracing *ummah* or community, the choice of contextualized terminology seems apt.

208 The Women.4:171;Malachi 3:1;John 1:1

209 Those Ranged in Ranks.37:107

اللہ تعالیٰ کا ابدی کلام

اللہ تعالیٰ کا کلام، اس سے پہلے کہ وہ
عیسیٰ المسیح میں انسانی شکل اختیار کرتا
اس کے خادم کے طور پر ہمیشہ موجود تھا،
آسمانی عدالت کا کلام جسکا اپنا نام ابن آدم ہے
شخصی طور پر موجود تھا
اور اللہ تعالیٰ کی شبیہ کو منعکس کرتا تھا۔ (۲۱۰)
وہ تخلیق، مخلصی اور عدالت میں اللہ تعالیٰ کا
غیر تخلیق کردہ، ابدیت میں شریک،
ازل سے موجود کلام ہے۔
وہ زندہ آسمانی منصوبے سے بڑھکر ہے

جس کے بارہ میں ابدی روح نے بذریعہ الہام
سچی کتاب توریت اور انجیل نازل کی،
حضرت عیسیٰ موت کو فتح کرنے والے عہد کے پیغمبر بھی ہیں
اور عہد کے زندگی دینے والے کلام بھی۔ (۲۱۱)
درحقیقت وہ ہی عہد ہیں
بحر مردار کی دستاویزات جو مکمل محفوظ حالت میں
یسعیاہ نبی کی پیشگوئیاں جو حضرت عیسیٰ کی پیدائش سے
سات سو سال قبل کی گئیں،
اُسکے "عہد" ہونے کا ذکر کرتی ہیں :
"دیکھو میرا خادم جس کو مَیں سنبھالتا ہوں
میرا برگزیدہ جس سے میرا دل خوش ہے
مَیں نے اپنی روح اُس پر ڈالی۔ وہ قوموں میں
عدالت جاری کرے گا... جزیرے اسکی عدالت
کا انتظار کریں گے...
مَیں خداوند نے تجھے صداقت سے بلایا
مَیں ہی تیرا ہاتھ پکڑونگا اور
تیری حفاظت کرونگا اور لوگوں کے عہد
اور قوموں کے نور کے لئے تجھے دونگا۔" (۲۱۲)
ہم یہ کہاوت سن چکے ہیں،" اور ہم نے پہلے آدم سے

(۲۱۰) دانی ایل ۷ : ۱۳تا۱۷؛ یوحنا ۱:۱،۵
(۲۱۱) رومیوں ۱ : ۹
(۲۱۲) یسعیاہ ۴۲ :۱، ۴، ۶

THE ETERNAL WORD OF ALLAH

The Word of Allah always existed
as the Servant (*abd*) of Allah.
Before the Word took human form as Isa the Messiah
he was still personally existent,
and reflected the likeness of Allah
as the heavenly Word of Judgment
whose personal name was Son of Man. [210]
He is the pre-existent Word of Allah,
his uncreated and co-eternal agent
in creation and redemption and judgment.
More than the living heavenly pattern
around whom the Eternal Spirit
inspired the true *Kitab* (Book) of *Taurat* and *Injil*,
Isa is also both the death-conquering Messenger of the covenant
and the life-giving Message of the covenant. [211]

He is, in fact, the covenant.
The Dead Sea Scrolls incorruptibly preserve
the prediction of the prophet Isaiah who,
seven hundred years before Isa the man arrived,
spoke of him as the covenant:
"Behold my Servant, whom I uphold;
my chosen one in whom I myself delight.
I have put my Spirit upon him:
He shall bring forth judgment to the Nations
...the islands shall wait for his law (or teaching)
...I the Lord have called thee (the Servant of Allah)
in righteousness
and will hold thine hand,
and *will keep thee for a covenant* of the people,
for a light to the Gentiles." [212]
You have heard of the saying,
"We have already, beforehand,
taken the covenant (*'ahida*) of Adam,

---

210 Daniel 7:13-17;John 1:1,51
211 Romans 1:9
212 Isaiah 42:1,4, 6

عہد کر لیا تھا مگر وہ (اُسے) بھول گئے
اور ہم نے اُن میں صبر و ثبات نہ دیکھا۔' (۲۱۳)
صرف وہ عہد جو باطنی کلام ہے وہی ہمارے اندر
اپنا ابدی 'صبر و ثبات' پیدا کر سکتا ہے، کیونکہ
اسکا وعدہ ہے کہ باطنی قوانین کو ہمیشہ کے لئے
ہمارے دِل پر نقش کرے گا۔ (۲۱۴)
جیسے ملاکی نبی فرماتے ہیں کہ مسیح
''عہد کے رسولؑ کی حیثیت سے آئیگا
'جب یسوعؑ واضح نشانات کے ساتھ آیا

تو اس نے کہا:
'اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری تابعداری کرو' (۲۱۶)
وہ واضح نشانات جن کے ذریعہ یسوعؑ آیا
وہ معجزات تھے جن سے اس نے ابدی عہد
پر مہر کی جسے خدا کے برّہ کی حیثیت سے قائم کیا۔
اس رات کو، جو زیارت کے نقطہ عروج کی رات
تھی، اس نے روٹی لی اور پیالہ لیا
اور کہا کہ یہ میرے خون اور گوشت
میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ نیا اور ابدی عہد ہے
'اور جب ہم نے آلِ اسرائیل سے عہد لیا ...' (۲۱۷)
یہ عہد ہر سال عید فسح کی شکل میں منایا جاتا ہے
یہ اس بات کی یادگاری ہے کہ اللہ تعالیٰ نے
کس طرح سے بحر قلزم سے انہیں بچایا
اور ان کو کوہِ سینا پر قوانین عطا کیئے۔
ایسی ہی ضیافت پر جیسا کہ حج کے وقت منائی جاتی ہے
حضرت عیسیٰؑ نے یادگاری کی ضیافت کو قائم کیا
جس میں وہ خدا کا برّہ ہے اور اسکا خون

(۲۱۳) سورۃ طٰہٰ ۲۰: ۱۱۵
(۲۱۳) یرمیاہ ۳۱: ۳۳
(۲۱۵) ملاکی ۳: ۱؛ یرمیاہ ۲۳: ۶ بھی دیکھیں
(۲۱۶) سورۃ زخرف ۴۳: ۶۳
(۲۱۷) سورۃ البقرۃ ۲: ۸۳

but he forgot: and we found [213]
on his part *no firm resolve*."[1]
Only the indwelling Word who is the covenant
can put his own eternal "firm resolve" in us,
for he is the promised indwelling law
to be written indelibly on the heart. [214]
As the prophet Malachi says,
the Messiah would be called,
"The Messenger of the Covenant" and the "Lord" [215]
You have heard this saying:
"When Jesus came
with clear signs, he said:
'...Fear Allah and obey me.'" [216]
The "clear signs" Jesus came with
were the miracles he used to attest the eternal covenant
he would institute as the Lamb of God.
On that night, the night of the climax of his pilgrimage,
he took the bread and the cup
and he said that these were now the memorials
for remembrance of his body and his blood
of the New and Eternal Covenant of Allah.

"Remember we took
a Covenant (*mithaq*) from the Children
of Israel..."[5] [217]

This covenant was celebrated each year
in the Passover meal,
where remembrance was made of how Allah
saved them at the Red Sea
and gave them the law on Mount Sinai.
It was at such a feast (*id*) of pilgrimage (*hajj*)
that Isa instituted a meal of remembrance
in which he would be the Lamb of God,

---

213 Ta Ha. 20:115
214 Jeremiah 31:33
215 Malachi 3:1; see also Jeremiah 23:6
216 Gold Adornments. 43:63
217 Cow. 2:83

گناہوں سے نئے خروج کو یعنی گناہ اور موت سے،
اللہ تعالیٰ کے سچے اور نئے خلق شدہ اطاعت گزاروں
کو قائم کیا تھا۔
اب جو اس سچائی کا انکار کرتے ہیں
وہ اپنے ہی اِن کلمات کو رَدّ کرتے ہیں کہ:
"عیسیٰ المسیح اللہ تعالیٰ کا پیغمبر اور کلام ہے۔" (۲۱۸)
"اور انہوں (بنی اسرائیل) نے کہا: "خدا نے
ہمیں حکم دیا ہے کہ جب تک کوئی پیغمبر ہمارے پاس
نیاز لے کر نہ آئے... اس پر ایمان نہ لائیں۔" (۲۱۹)

عام لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے اس قربانی کا

یقین کیا جو حضرت عیسیٰ نے انہیں دکھائی
مگر مغرور اور تن آسان مذہبی راہنماؤں نے
یقین نہ کیا اور دوسرے لوگوں کو بھی سچائی سے دور
رکھا۔ سو آج بھی ایسا ہی ہے
حضرت عیسیٰ نے خود فرمایا،
"اگر اندھے کو اندھا راہ بتائیگا
تو دونوں گڑھے میں گریں گے۔"

ہم جو نئے خلق کردہ مسلمان ہیں
اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں
اپنے آپ کو اُسکے تابع کرتے ہیں
یعنی اللہ تعالیٰ کی نئی تخلیق کے وضو
سے نئی تخلیق کی عیدالاضحیٰ میں،
گواہی کی زیارت کے لئے
روانہ ہو کر، شامل ہوتے ہیں۔
بالکل ویسے ہی جیسے حضرت موسیٰ موت سے گذرے
جب انہوں نے بحرِ قلزم کو پار کیا
ہم بھی اپنی پرانی زندگی کی موت سے گذرتے ہیں
جب ہم اللہ تعالیٰ کا موت کا غسل لیتے ہیں
جیسے ایک مسلمان کا مُردہ جسم مکمل وضو حاصل کرتا ہے
ویسے ہی ایمان سے ہم گناہگار فطرت والے جسم
سے صبغت اللہ کا غسل لیتے ہیں (غوطہ)

(۲۱۸) سورۃ النساء ۴: ۱۷۱
(۲۱۹) سورہ آل عمران ۳: ۱۸۳

and his blood would effect a new exodus from sin,
a new *hijrah* (emigration) from sin and death
for all true new creation submitters to Allah.

Those who deny this truth have these two sayings
of their own to refute them:
"*Isa al-Masih* (Jesus the Messiah)
was the Messenger of Allah and his Word." 218
"And they (the children of Israel) said:
'Allah took our promise not to believe
in a Messenger unless He showed us a sacrifice" 219

The common people did believe in great numbers
in the sacrifice that Isa showed them,
but the proud and self-comfortable religious leaders
did not believe and they led the people away from the truth.

So it is today.

Isa himself said,
"If the blind lead the blind,
both will fall into a pit."

But we who are *Khalq Jadeed* (New Creation) Muslims
do in fact submit to Allah
by obeying him,
by embarking on a pilgrimage of witness
through the New Creation *Wudu* of Allah
to the New Creation *'Id ul-'Adha*.

Just as Musa passed through death
at the Red Sea,
so we pass through the death of our old life
at the death ghusl of Allah.
Just as the dead body of a Muslim
receives a total ablution (*ghusl*),
so by faith we put to death our body of sinful disposition
when we take the *ghusl* of *sibghat Allah* (baptism).

---

218 Women. 4:171

219 The House of Imran. 3:183

اور جیسے وہ لوگ حضرت موسیٰ کے ساتھ
قربانی کی ضیافت میں شریک ہوئے
تاکہ بحر قلزم کے صبغت اللہ کو یاد کریں،
اسی طرح ہم جو مسیحی مسلمان ہیں
قربانی کی ضیافت میں شریک ہوتے ہیں
تاکہ ہم اُس صبغت اللہ کو یاد کریں

جس کا حکم عیسیٰ المسیح نے دیا۔
آپ کو اس بات کا علم ہونا چاہیے
کہ مُردہ جسم کو دفنانے سے پہلے
غسل دیتے ہیں اور عید کی عبادت
کرنے سے پہلے بھی غسل لیا جاتا ہے۔

جیسا کہ موسیٰ اور عید فسح کی میز کی بابت تھا
ویسا ہی حضرت عیسیٰ اور اسکی فسح کے میز کا حال ہے
۔۔ کہ کوئی بھی اس میز پر،
جہاں عہد کی یادگاری کی جاتی ہے،
نہیں جا سکتا جبتک وہ صحیح طریقہ سے عہد میں داخل نہ ہوا ہو
اور حضرت عیسیٰ کے حکم کے مطابق عہد کو جاری
کرنے کا نشان اللہ تعالیٰ کا موت کا غسل ہے:
یعنی اللہ تعالیٰ کا وضو۔

کیا آپ اس بات کو سمجھتے ہیں
کہ نئی تخلیق کی عید الاضحیٰ میں
ایمانداروں کے ساتھ شامل ہونے سے قبل
صبغت اللہ کی اطاعت کرنا ضروری ہے؟

پانی کی یہ رسم اللہ تعالیٰ نے خود قائم کی
ایک ظاہری نشان کے طور پر جو اللہ تعالیٰ کی
کی تابعداری کو ظاہر کرتی ہے۔
خدا نے ہمیں اپنے کامل اور درست
کلام میں حکم دیا ہے کہ ہم حضرت عیسیٰ کا اقرار،
جو اللہ تعالیٰ کے کلام کا منصبدار ہے،
نہ صرف اپنی شخصی اور اجتماعی دعاؤں میں کریں،
بلکہ خدا نے ہمیں یہ حکم بھی دیا ہے

کہ ہم اسکا اقرار صبغت اللہ اور
عید الاضحیٰ العیسویٰ میں بھی کریں۔
اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے
کیا آپ سچے دل سے اللہ کی اطاعت کرتے ہیں
اور عیسیٰ کے تابع ہوتے ہیں؟
غوطہ یعنی صبغت اللہ عید فسح سے پہلے
اور حضرت عیسیٰ کی آخری فسح سے پہلے
اور حضرت عیسیٰ کی قائم کردہ فسح سے بھی پہلے تھا
جب وہ اپنی زیارت ختم کر کے
ابدی عید الاضحیٰ کی قربانی پیش کرنے کو تھے،

Just as those with Musa
ate a sacrificial meal
to remember their *sibghat Allah* at the Red Sea,
so we who are messianic Muslims
eat a sacrificial meal
to remember our *sibghat Allah* at the command of Isa.

You must know that a *ghusl* (total ablution)
was necessary for a dead body being buried,
and that it was also in order
before the *'Id* prayers.

As with Moses and the Passover Seder Table,
so with Isa and the Lord's Table
—no one could be admitted to the Table where the covenant
was remembered
unless the covenant had been properly initiated.
Isa commanded that the sign of covenant initiation
be the death *ghusl* of Allah,
the *wudu* of Allah.

Do you understand that you would normally
submit to *sibghat Allah* before taking
the New Creation *'Id ul-'Adha* with the other believers?

This water probe is designed by God
to be an overt sign of your submission to his authority.

God has commanded us in his infallibly accurate Word
not only to confess Isa
as Allah's Word of authority
and our Lord
in our private and congregational prayers;
God has also commanded us to confess him
in the *sibghat Allah* and the *'Id ul-Adha* Isawiya.
Now the question is,
will you submit to Allah and truly obey Isa from your heart?

A baptism was in order before the Passover supper
and before the Last Supper of Isa
when he finished his pilgrimage
and offered himself as the eternal *'Id ul-Ahda*,

وہ، قربانی کی ضیافت،
خدا کا برہ، اور
زندگی بخش روٹی جو آسمان سے اتری تھے۔
حضرت عیسیٰ نے اس قربانی کی خوراک کو ہضم کرنے
کے ابدی فوائد کا عارفانہ بیان کچھ یوں کیا:
'جو میرا گوشت کھاتا
اور میرا خون پیتا ہے
ابد تک زندہ رہے گا
اور میں اسے آخری دن اٹھا کھڑا کرونگا۔' (۲۲۰)
ہمیں یہ بھی یاد ہے کہ حضرت عیسیٰ المسیح نے خود اپنے لئے کہا
کہ 'ابن آدم بھی اس لئے نہیں آیا
کہ خدمت لے بلکہ اس لئے کہ خدمت کرے
اور اپنی جان بہتیروں کے بدلے فدیہ میں دے۔' (۲۲۱)
بحر مُردار کی دستاویزات میں یسعیاہ نبی نے مسیح کے متعلق کہا
'وہ بہتیروں کے گناہ اٹھالے گا۔'
حضرت عیسیٰ میں ۷۰۰ سال پہلے کی گئی
یہ پیشگوئی پوری ہوئی،
قربانی کے ذریعے تکمیل نے یہ ظاہر کیا

کہ حضرت عیسیٰ کو خود اپنے متعلق
اور زندگی کے کلی مقصد کے بارہ میں علم تھا

ہم جو جدید خلق کئے گئے مسلمان ہیں
ہمیں منا میں جو مکہ کے گردونواح میں ہے
قربانی کرنے کی ضرورت نہیں ہے
کیونکہ ہماری زیارت کا مقصد
اس کامل قربانی میں ہمارے لئے
پورا ہو چکا ہے۔ (۲۲۲)

مکہ میں زائرین ازحد مشتاق ہوتے ہیں
کہ اس کالے پتھر کو چھوئیں اور چومیں
جیسے کہ یہ پتھر خدا کے دہنے ہاتھ کی نمائندگی کرتا ہو
جس کے ساتھ وہ عہد کی تجدید کر رہے ہوتے ہیں۔
لیکن ہم جو جدید خلق کئے گئے مسلمان ہیں
اس آیت میں ایمان رکھتے ہیں:
'بیٹے کو چومو (۲۲۳)

(۲۲۰) یوحنا ۶: ۵۴
(۲۲۱) مرقس ۱۰: ۴۵
(۲۲۲) فلپیوں ۳: ۱۴
(۲۲۳) اصطلاح ابن اللہ عیسیٰ کے اللہ تعالیٰ کے دنیا کے لئے عظیم خلیفہ ہونے کی تشریح کرتی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے تمام منصوبوں کا وارث ہے۔ تاہم ہم بھی جب اسکی اطاعت کی خدمت میں داخل ہوتے ہیں یا اللہ کے اسلام میں داخل ہوتے ہیں، تو ہم نئی تخلیق میں 'اللہ تعالیٰ کے بیٹے' بنتے ہیں۔ یعنی ہم اللہ کی دنیا پر حکومت کرنے کے لیے اسکے وارث بنتے ہیں۔ ہم اپنی وراثت کو عیسیٰ کے وارث ہونے کی کامل اطاعت کے نمونے کی پیروی کرتے ہیں جس میں اس نے خدا

the Feast of Sacrifice,
the Lamb of God,
the bread of life that comes down from heaven.
Isa spoke of mystically ingesting
the everlasting benefits of his sacrifice in this way:
"Whoso eateth my flesh,
and drinketh my blood,
hath eternal life;
and I will raise him up on the last day." [220]
We also remember that Isa said of himself,
Even the Messiah "came not to be served,
but to serve,
and to give his life as a ransom for many." [221]
In the Dead Sea Scrolls the prophet (Isaiah)
said the Messiah would "bear the sin of many."
Isa was fulfilling that prophecy
made 700 years before,
and the *dhabh* (sacrifice) fulfillment
was the key to the self-awareness
of his whole life's purpose.

We who are *Khalq Jadeed* (New Creation) Muslims
do not have to make a sacrifice
in the Valley of Mina in the vicinity of Mecca,
because the object of our pilgrimage [222]
has already made the perfect sacrifice for us.

Pilgrims are eager in Mecca to touch or kiss the Black Stone
as if it represents the right hand of God,
with whom they are renewing their covenant.
But we who are Khalq Jadeed Muslims believe this verse:
"Kiss the Son [223]

---

220 John 6:54

221 Mark 10:45

222 Philippians 3:14

223 The term *ibnullah* defines Isa as Allah's Grand Khalifa for the world, the inheritor of all that Allah has planned. So, too, as we enter into his service of surrender or "islam" to Allah, we also become new creation "sons of Allah"—that is, we become heirs to inherit and rule over Allah's world. Isa modelled our sonship by his perfect surrender as the "Lamb of God," the

ایسا نہ ہو کہ وہ قہر میں آئے
اور تم راستے میں ہلاک ہو جاؤ۔" (۲۲۴)
وہ اللہ کے گھر کا
کونے کے سرے کا پتھر ہے (۲۲۵)
اور ابراہیم نے اسکا دن دیکھا اور خوش ہوا (۲۲۶)
کیونکہ وہ خدا کی راستبازی کا دایاں ہاتھ ہے (۲۲۷)
اور صرف اسی میں عہد کی تجدید ہوتی ہے۔ (۲۲۸)
اور جب ہم نئی تخلیق کی عیدلاضحیٰ میں کھڑے ہوتے ہیں
تو اس لئے نہیں کہ زائرین عرفات میں
دوپہر سے لیکر سورج غروب ہونے تک
وقوف ادا کرنے کو کھڑے ہوتے ہیں۔

ہم تو اس لئے کھڑے ہوتے ہیں
کہ جو بھی اس روٹی میں سے کھاتا
اور اس پیالہ میں سے پیتا ہے
اسکی موت کا اظہار کرتا ہے جب تک وہ نہ آئے۔ (۲۲۹)
تاہم دعا میں ہم حضرت عیسیٰ کا اقرار کرتے ہیں
ہم سچے پرستاروں کے سامنے اسکا اقرار کرتے ہیں
ہم صبغت اللہ میں اسکا اقرار کرتے ہیں
اور ہم عیدلاضحیٰ میں اسکا اقرار کرتے ہیں
کیونکہ کلام فرماتا ہے: "اگر تو اپنی زبان سے
یسوعؑ کا اقرار کرے اور اپنے دل سے ایمان لائے
کہ خدا نے اسے مردوں میں سے جلایا
(کلام فرماتا ہے
وہ ہمارے گناہوں کے لئے مؤا اور دفن ہوا
اور تیسرے دن مردوں میں سے جی اٹھا)
تو نجات پائے گا۔" (۲۳۰)
جب ذوالحج کے نویں دن

کے بدلے کے طور پر عظیم قربانی دی۔ قرآن ۳۷ : ۱۰۷، دنیا کے گناہوں کے لئے قربانی جسکے ذریعے انسان اسکی قربت میں داخل ہوتا ہے جہاں اسکی طاقت اور جلال بستے ہیں۔

(۲۲۴) زبور ۲ : ۱۲
(۲۲۵) افسیوں ۲ : ۲۰
(۲۲۶) یوحنا ۸ : ۵۶
(۲۲۷) یسعیاہ ۴۱ : ۱۰
(۲۲۸) یرمیاہ ۳۱ : ۳۳ ؛ متی ۲۶ : ۲۸
(۲۲۹) ۱۔ کرنتھیوں ۱۱ : ۲۶
(۲۳۰) رومیوں ۱۰ : ۹ ؛ ۱۔ کرنتھیوں ۱۵ : ۳، ۴ ؛ یسعیاہ ۵۳ ؛ دانی ایل ۹ : ۲۶ ؛ ہوسیع ۶ : ۲

lest he be angry
and ye perish from the way." [224]
He is the chief cornerstone [225]
of the House of Allah,
(a temple not made with hands)
and Ibrahim rejoiced to see his day, [226]
for He is the right hand of God's righteousness [227]
and in him alone is the covenant renewed. [228]

When we stand up at the New Creation *Id ul-Adha*
it is not because the pilgrims stand
to perform the *wuquf* (the "standing")
from noon until sunset at 'Arafat.
We stand because whoever eats this bread and drinks this cup
preaches the death of the Lord until he comes. [229]
Therefore, we confess Isa in prayer,
we confess him before true believers,
we confess him in the *sibghat Allah,*
and we confess him in the *Id ul-Adha.*
The Scripture says,
"If you confess with your lips the Lord Isa (Jesus)
and believe in your heart that God raised him from the dead
(he died for our sins and was buried
and rose again on the third day
according to the Scriptures),
you shall be saved." [230]

When those pilgrims stand under the scorching sun
on the ninth day of the final *hajj* month.

---

momentous sacrifice—Qur'an 37:107, the *Qurbani* for the sins of the world by which man enters the very nearness—*Qurbi*—of Allah wherein dwells His Power and Glory.

224 Psalm 2:12

225 Ephesians 2:20

226 John 8:56

227 Isaiah 41:10

228 Jer. 31:33; Mt.26:28

229 I Cor. 11::6

230 Romans 10:9; I Corinthians 15:3-4;Isaiah 53; Daniel 9:26; Hosea 6:2

زائرین تپتی دھوپ میں
کھڑے ہوتے ہیں
وہ دعا کرتے اور قران سے آیات کی تلاوت کرتے ہیں
اس امید میں کہ انکے گناہ معاف ہو جائیں گے
لیکن ہم جانتے ہیں کہ ہمارے گناہ تو
حضرت عیسیٰ کے نام سے معاف ہو چکے ہیں
اور ایک دن آنیوالا ہے جب وہ سب لوگ
جو حضرت عیسیٰ کو رد کرتے ہیں
کلام اللہ کی تپتی دھوپ میں کھڑے ہوں گے
جب ہم حضرت عیسیٰ کا پیالہ لیتے ہیں
تو ہم یہ بات بھی یاد کرتے ہیں
جو حضرت عیسیٰ نے کہی: "اگر کوئی
پیاسا ہو تو میرے پاس آکر پیے
...... جو اس پانی میں سے پیے گا
جو میں اسے دونگا
ابد تک پیاسا نہ ہو گا؛
بلکہ جو پانی میں اسے دونگا
وہ اس میں ایک چشمہ بن جائیگا
جو ہمیشہ کے لئے جاری رہیگا۔" (۲۳۱)
کعبہ کا ایک دروازہ ہے
اور یہ زیارت بذاتِ خود
اللہ تعالیٰ کا گھر کہلاتی ہے
لیکن حضرت عیسیٰ نے فرمایا: "دروازہ
میں ہوں" اور ہم جانتے ہیں
کہ کوئی بھی اللہ کے روحانی
گھر میں داخل نہ ہو گا،
"سوائے میرے ذریعہ سے۔"

حضرت عیسیٰ کلام اللہ ہے
اور اسکے جلال کی شبیہ ہے
اور یہی ہماری زیارت کا مقصود ہے
"مگر جب ہم سب کے بے نقاب چہروں سے
خداوند کا جلال اس طرح منعکس ہوتا ہے
جس طرح آئینے میں تو خداوند کے وسیلہ سے
جو روح ہے ہم اسی جلالی صورت میں
درجہ بدرجہ بدلتے جاتے ہیں۔" (۲۳۲)
"عزیزو! ہم اس وقت خدا کے فرزند ہیں

(۲۳۱) یوحنا ۷: ۳۷؛ ۴: ۱۳
(۲۳۲) ۲۔کرنتھیوں ۳: ۱۸

they pray and recite verses of the Quran,
hoping that their sins will be forgiven.

But we know our sins
are already forgiven in Isa's name,
and a day is coming when all those who reject Isa
will stand before the scorching heat of the Word of God.

When we take Isa's cup,
then we also remember that Isa said,
"Whoever is thirsty,
let him come to me and drink.
...whoever drinks of the water
that I shall give him
shall never thirst;
but the water that I shall give him
shall be in him a well of water
springing up into everlasting life." 231
The *Kaaba* has a door,
and the shrine itself
is called the House of Allah.
But Isa said, "I am the door,"
and we know that no one enters
the Spiritual House of Allah
but by Him.

Isa the Word of Allah
who is the likeness of His glory
is the object of our pilgrimage.
"We all, with open face,
beholding as in a glass
the glory of the Lord,
are changed into the same image
from glory to glory,
even as by the Spirit of the Lord." 232
"Beloved, now are we the sons of God
(not in a progenitive sense, but in the sense that we
have been "fathered" by the new birth

---

231 John 7:37; 4:14
232 II Cor. 3:18

اور ابھی تک یہ ظاہر نہیں ہُوا
کہ ہم کیا کچھ ہوں گے اتنا جانتے ہیں
کہ جب وہ ظاہر ہوگا تو ہم بھی اسکی

مانند ہوں گے کیونکہ اسکو
ایسا ہی دیکھیں گے جیسا وہ ہے۔' (۲۳۳)
پس ہم جو پیچھے رہ گیا ہے اسکو بھول کر
آگے کی طرف اپنی زیارت کے مقصود عیسیٰ المسیح
کو دیکھتے ہیں اور دنیا بھر کے سچے ایماندار اسکا بدن ہیں
اور یہی اللہ تعالیٰ کا سچا گھر ہے جو ہم سے بنتا ہے۔ (۲۳۴)
ہم دعا کرتے ہیں کہ بہت سوں کی آنکھیں کھلیں
کہ وہ خدا کی بادشاہی کو دیکھیں
اور کرہ ارض پر خدا کا گھر
سچے ایمانداروں کے عالمگیر بدن سے بنتا ہے
جو پہلے سے ہی آسمانی روحانی مقاموں پر
بیٹھے ہیں جہاں اس کا سچا گھر قائم ہے
اور اسکو زوال نہیں۔
اے خدا!
اس گھر کو (حضرت عیسیٰ کا گھر جو کلام اللہ ہے)
تمام عزت، جلال و حشمت عطا کر
اور ان سب کو جو اسکی عزت کرتے ہیں
اور ایک (روحانی) زیارت قائم کرتے ہیں
اطمینان اور مخلصی عطا کر
اے خدا! تو جو اطمینان ہے
اور اطمینان صرف تجھ سے ہی ہے
سو ہم جانتے ہیں کہ ہم موت سے زندگی میں داخل ہُوئے ہیں
اور تو ہمارا استقبال کرے گا (روز محشر)
انہی استقبالی الفاظ کے ساتھ
جن کے ساتھ تو نے جی اٹھنے والی صبح
شاگردوں کا استقبال کیا: 'السلام علیکمؑ
یا تم پر سلامتی ہو'۔ (۲۳۵)

صبغت اللہ کیا ہے اور کیا نہیں

مومنو!
جب تم نشے کی حالت میں ہو

(۲۳۳) ۱۔یوحنا ۳:۲
(۲۳۴) ۱۔کرنتھیوں ۳:۹
(۲۳۵) یوحنا ۲۰:۱۹

to now have the likeness of God
writing Himself into our hearts)
and it does not yet appear what we shall be;
but we know that,
when he shall appear,
we shall be like him;
for we shall see him as he is." [233]
So we forget what lies behind
and press on to the object of our pilgrimage, Isa al-Masih,
whose world-wide body of true believers
is the true House of Allah.
whose house we are. [234]
We pray that many would have their eyes opened
to see the Kingdom of Allah,
to see his world-wide house,
the universal body of true believers
seated spiritually already with Him in heavenly places
where his true house stands indestructible.

O Lord!
Grant this house (the house of Isa the Word of Allah)
greater honor, veneration, and awe;
and grant those who venerate it
and make (spiritual) pilgrimage to it
peace and forgiveness.
O Lord! Thou art the peace.
Peace is from Thee.
So we know that we have passed from death to life
and that you will greet us (on the day of Judgment)
with the same greeting you gave the disciples
on Resurrection morning:
"*As Salama Alaikum*," or "Peace be unto you." [235]

WHAT THE *SIBGHAT ALLAH* IS AND IS NOT

"O ye who believe!
Approach not prayers

233 I John 3:2
234 I Cor. 3:9
235 John 20:19

جب تک (ان الفاظ کو) جو منہ سے کہو
سمجھنے (نہ) لگو نماز کے پاس نہ جاؤ
اور جنابت کی حالت میں بھی (نماز کے پاس نہ جاؤ)
جب تک کہ غسل (نہ) کر لو
ہاں اگر حالت سفر رستے چلے جارہے ہو (۲۳۶)
مومنو!
جب تم نماز پڑھنے کا قصد کیا کرو
تو۔۔۔ دھولیا کرو۔ (۲۳۷)
......اور وہ (اللہ) سننے والا
اور جاننے والا ہے،
خدا کا رنگ (صبغت الله)
اور خدا سے بہتر رنگ کس کا ہو سکتا ہے
اور ہم اسی کی عبادت کرنے والے ہیں (۲۳۸)
صبغت الله کی رسم مذہب کی تبدیلی
کو ظاہر نہیں کرتی
وہ یہودی جنہوں نے بپتسمہ لیا
وہ اس رسم کو یہ ظاہر کرنے کیلئے
استعمال نہیں کر رہے تھے
کہ انہوں نے اپنے پرانے مذہب کو
چھوڑ کر ایک نیا مذہب اختیار کیا۔
یہ رسم پہلے پہل یہ ظاہر کرنے کے لئے ہوئی
کہ ایک ہی مذہب کے حلقے کے اندر
ان لوگوں کے لئے جو اللہ تعالیٰ کی اطاعت
میں جھکے ہوئے ہوں

تجدید کی طرف پیش رفت تھی۔
صبغت الله کی رسم
گناہوں سے سدھار کو ظاہر کرتی ہے
نہ کہ ایک مذہب سے دوسرے مذہب
میں تبدیلی کو
یہ تو پرانی زندگی سے نئی زندگی
میں داخل ہونے کا حق ہے
نہ کہ ایک مذہب سے دوسرے مذہب میں
نئے خلق شدہ مسلمان اب بھی مسلمان ہی ہیں
(اللہ کے اطاعت گزار) (۲۳۹)۔

(۲۳۶) سورۃ النساء ۴ : ۴۳
(۲۳۷) سورۃ مائدہ ۵ : ۶
(۲۳۸) سورۃ البقرۃ ۲ : ۱۳۷۔۱۳۸

(۲۳۹) پولوس کم ہی جھوٹے استادوں کے ان الفاظ پر اجارہ داری قائم رہنے دیتا ہے جن کو سننے والے دلکش القاب سمجھتے ہیں مثلاً لفظ "ختنہ" لیں۔ جنکو شرع کے عالم پولوس کے سامنے لائے۔ غور کریں کہ فلپیوں ۳:۳ میں پولوس نے اس خوب صورت لفظ پر قبضہ نہ کرنے دیا بلکہ ان سے واپس چھین لیا اور انکی غلط تعلیم سے

with a mind befogged,
until you can understand
all that ye say,
nor in a state of ceremonial impurity
(except when travelling on the road),
until after washing your whole body." [236]

"O ye who believe!
when ye prepare
for prayer, wash..." [237]
"...And He (Allah) is the All-Hearing,
the All-Knowing,
the baptism of God: (*sibghat Allah*)
And who can baptize better than Allah?
And it is He whom we worship." [238]
The ceremony of *sibghat Allah*
does not represent conversion from religious affiliation.
The Jews who were baptized were not using the ceremony
to indicate that they had changed their religion
from their old religion to a new one.
The ceremony was first used to indicate
a renewal movement within the one religion
of those submitting to God.
The ceremony of *sibghat Allah*
represents a conversion from sin,
not from one religion to another.
It is a rite of passage from the old life to the new life,
not from the old religion to the new religion.
New creation Muslims are still *Muslims* (submitters to God). [239]

---

[236] The Women. 4:43

[237] The Table Spread. 5:6

[238] Cow.2:137-138

[239] Paul seldom allowed the false teachers to monopolize words their hearers considered attractive labels. Take for instance the word "circumcision," which certain legalists dangled before Paul's disciples. Notice that in Philippians 3:3 Paul does not allow this attractive word to be captured by them, but snatches it back, disinfects it of any content from their false teaching, pours pure Biblical content into the world, and then commandeers the word into the service of the Great Commission of Matthew 28:19-20. Those believers in Isa who needlessly forfeit the use of the word "Allah" or

وہ تواب اور بھی زیادہ تر تابع ہیں (اسلام)(۲۴۰)
اگر کچھ مذہب پرست پانی کی رسم کو ایک
مذہب سے دوسرے مذہب میں تبدیلی کے راستے کا نام دیں گے
اگر وہ ایسا کرتے ہیں تو انہیں کرنے دو۔
جو وہ کر رہے ہیں اور جو ہم کر رہے ہیں
اس میں کوئی بھی کسی الجھاؤ میں نہ پڑے
(ایک بہت بڑی تبدیلی کے ذریعے
مذہبی القاب تبدیل کرنے سے
یا انکے شناختی کارڈوں پر مسلم نام تبدیل کرنے سے
یہ توقع نہ کی جائے کہ انکو انکے تمدن سے علیحدہ کیا جا سکے گا)

صبغت الله جسم کی صفائی کا نام نہیں ہے
اور نہ ہی پانی کسی جادو کے ذریعے ناراستی
اور گناہ سے پاک کر سکتا ہے (۱. پطرس ۳ :۲۱)

یہ تو انسان کی رائج کردہ تعلیم ہے
جسے جاہل آدمیوں نے کلام اللہ میں شامل کر دیا ہے
اس غلط فہمی میں مسلمان مذہب پرست اور عیسائی مذہب پرست
دونوں ہی قصوروار ہیں۔
مثال کے طور پہ قران پاک میں کہیں بھی
یہ مرقوم نہیں ہے کہ وضو
(پانچ وقت کی نماز سے پہلے دھونے کا عمل)
گناہوں کی صفائی کرتا ہے
کچھ یہ مانتے ہیں کہ جب ایک مومن
اپنے منہ، ہاتھ اور پاؤں دھوتا ہے
تو جسم کے ان حصوں سے سرزد تمام گناہ
وضو کے نتیجہ میں ختم ہو جائیں گے
لیکن ہم جانتے ہیں کہ المسیح کا بیش بہا خون
ہی گناہوں کو دھو سکتا ہے،
صرف اسکے خون پر ہمارا ایمان ہے۔
محض پانی کو پاکیزہ کرنے کا ذریعہ سمجھنا
ایک عام غلطی ہے :
اگر ہم یہ یقین کرتے ہیں کہ پانی صاف کر سکتا ہے
اور پاکیزہ بنا سکتا ہے تو ہم خنزیر کے گوشت کو دھو کر
استعمال کے قابل کیوں نہیں بنا لیتے ؟
وہ لوگ جنہوں نے اس قسم کے اعتقاد وضع کئے ہیں

پاک وصاف کرکے بائبل کی سچی تعلیم اس لفظ پر انڈیل دی اور پھر اس لفظ کو متی ۲۸ :۱۹، ۲۰ کے حکم اعظم کی خدمت کے لئے استعمال کیا۔ عیسیٰ پر ایمان رکھنے والے وہ ایماندار جو خواہ مخواہ لفظ "اللہ" اور لفظ "مسلمان" کے استعمال کو ضبط کر لیتے ہیں، وہ بے شک ایسا کریں لیکن یہ نہ سمجھیں کہ ایسا کرنے سے وہ پولوس کے طریقہ کار کی پیروی کر رہے ہیں۔

(۲۴۰) کچھ لوگ یہ اعتراض کر سکتے ہیں کہ ہم کئی اصطلاحات کا استعمال ان کے جائز معنوں سے باہر کر رہے ہیں۔ تاہم انجیل یہ فرماتی ہے : "پس خدا کے تابع ہو جاؤ" یعقوب ۴ :۷

They are more fully in submission ("*islam*") to Him. 240

If certain religionists want to use a water ritual as a rite of passage from one religion to another, then let them go ahead and do it. But let no one confuse what they are doing (having people radically change their religious labels and their Muslim names on their identity card, expecting people to alienate themselves from their culture, etc.) with what we are doing.

The *Sibghat Allah* is not the cleansing of the body,
nor does the water magically remove the demonic
or cleanse sin (I Peter 3:21).

This is a humanly contrived teaching which ignorant men
have tried to add to God's Word.
In this misunderstanding, Muslim religionists can be as guilty
as Christian religionists.
For example, nowhere does the Qur'an teach that the *wudu*
(washing prior to the five-times-daily prayers)
cleanses from sin.
Some believe that when a believer
washes his face, hands and feet,
every sin connected with these parts of the body
will come out as a result of ablution.
But we know that only the infinitely precious blood
of the Masih's sacrifice can wash away sins,
and our faith is in his blood alone.

The fallacy of believing in the cleansing power of mere water
is obvious enough:
if we really believe the water cleanses and makes holy,
why do we not use water to make swine's flesh
ritually pure and usable?
Those who have concocted these sorts of beliefs
are trapped by their own fallacies.

---

the word "Muslim" may do so, but they may not claim that by doing so they are following Pauline methodology.

240 Some may object that we are using these terms apart from their legitimate use. However, the Injil expresses this: "Submit therefore to God"—James 4:7

تاہم، نئے ایمانداروں کو ہم یہ مشورہ دیتے ہیں
کہ وہ نرمی کے ساتھ چلیں اور
اسلام کو یا دوسرے ایمانداروں کی تفسیروں کو
یا انکے خاندانی اعتقادات ورسومات کو تنقید کا نشانہ نہ بنائیں(۲۴۱)
یہ سمجھتے ہوئے کہ آپ نئے ایماندار ہیں
پوری طرح نہیں جانتے کہ
آپ کے ساتھ کیا ہو گیا ہے
لہذا آپکو بہت محتاط اور دعا گو رہنا چاہئے
کہ آپ کس طرح اور کس کے ساتھ

اپنے ایمان کا تذکرہ کرتے ہیں
شائد یہ بہتر ہو کہ آپ اپنے
رفاقتی رہبر سے مشورہ کریں
اس سے پہلے کہ آپ کوئی بھی سنجیدہ
اور خطرناک قدم اٹھائیں۔

تبدیل شدہ فطرت کا پھل یعنی نئی تخلیق بناہی
روز محشر آپکو بچائیگا نہ کہ اپنی حکومتی وفاداری
یا مذہبی القاب کا تبدیل کرنا۔
صرف ایک ہی غوطہ جو بائبل کے مطابق ہو
ابدی طور پر موئثر ہوتا ہے
اور یہ نئی تخلیق کے بنیادی پانی میں،
وہ پانی جس پر اللہ تعالیٰ کی روح جنبش
کرتی تھی، ایک گہرا غوطہ ہے۔
یہ باطنی فضل ہے جو ایمان سے ملتا ہے
اور صبغت اللہ میں ظاہر ہوتا ہے
کچھ مسلمان گو کہ ایمان رکھتے ہیں
کہ حضرت عیسیٰ ہی مسیح ہے، سب سے پہلے
ڈر اور الجھاؤ میں گھر جاتے ہیں اور
صبغت اللہ کے پانی میں جانے سے کتراتے ہیں
جب ایک مسلمان حضرت عیسیٰؑ کو اپنا نجات دہندہ قبول کر لیتا ہے
تو اس کو کچھ دیر کے لئے خاموشی سے کام لینا چاہئے
جب تک کہ وہ مسیح میں مظبوط نہ ہو لے
اور یہ امتیاز کرنے کا لائق ہو جائے کہ
کس پر صبغت اللہ کی گواہی دینے کا بھروسہ کیا جا سکتا ہے
کسی بھی مسلمان نے ایک دم صبغت اللہ قائم نہیں کیا
خدا اپنے رحم میں بیٹھ کر شمس اور ارتقہ کے رہنے والے یوسف

(۲۴۱) کچھ ایماندار کلسیوں ۲:۱۱،۱۲ کی تفسیریوں کرتے ہیں کہ نئے عہد کا پانی کے بپتسمہ کی رسم کا موازنہ پرانے عہد کے ختنے کے ساتھ کرتے ہیں۔ ان کے تناظر میں وضو ایک قابلِ قبول شکل ہو سکتی ہے۔ تاہم اس کتاب کا مقصد ان مسائل کو حل کرنا نہیں ہے اور نہ ہمارے پاس وقت اور جگہ موجود ہے کہ تبصرہ کر سکیں۔

However, we recommend that new believers walk softly
and do not criticize Islam
or the Biblical interpretations of fellow believers, [241]
or their families' beliefs or practices.
Realizing you are a new believer,
you may not yet know fully
what has happened to you.
Therefore you be very careful and prayerful
about how you share your faith and with whom.
It might be best to consult your fellowship leader
before you take such a serious
and potentially dangerous step.

Possessing the gift of a changed nature, a new creation,
not changing one's government loyalty or religious label,
is all that can save anyone on the day of God's judgment.
There is only one eternally efficacious Biblical baptism
and this is the deep immersion into the new creation waters,
the primal waters,
the in-the-beginning waters
of the hovering Eternal Spirit of Allah,
and this is the inward grace through faith which
the *sibghat Allah* signifies.

Some Muslims, although they believe
that Isa is the Messiah,
are at first so filled with fear and confusion
that they do not want to rush into the *sibghat Allah* water.
When a Muslim receives Isa as Messiah
he can keep it quiet for awhile
until he grows in the Lord
and discerns who is trustworthy to be a witness
at his *sibghat Allah*.
No Muslim has to take the *sibghat Allah* immediately.
God in his mercy will permit one like Nicodemus

---

241 Some believers interpret Colossians 2:11-12 to mean that a water initiation rite is the New Covenant counterpart to Old Covenant circumcision. To those believers the wudu would be an acceptable contextualized form However, these are not at all the issues this book intends to settle, and there is no time or space to pause for comment.

جیسوں کے لئے یہ اجازت دے گا کہ اپنے لوگوں کے

ڈر کے باعث خفیہ طور سے آئیں۔ (۲۴۲)
لیکن یہ نہایت خطرناک اور ایک بڑی غلطی ہوگی
کہ ہم غیر معین عرصہ تک، نافرمانی کی حالت میں،
خود اپنے ہی ناز و نخرے اٹھاتے رہیں۔
کیونکہ حضرت عیسیٰؑ ہمارے حاکم ہیں اور
یہ انکا حکم ہے کہ پانی سے تابعداری کی جائے۔
آدمیوں کا خوف اپنے ساتھ ایک جال لے کر آتا ہے (۲۴۳)
اور جو کوئی بھی اپنے خاندان یا اس دنیا کی کسی چیز کو
مسیح سے زیادہ پیار کرتا ہے
تو وہ مسیح کے لائق نہیں ہے (۲۴۴)
اگر ہم دکھ سہیںگے تو اس کے ساتھ بادشاہی بھی کریں گے
اگر ہم اسکا انکار کریں گے تو وہ بھی ہمارا انکار کرے گا (۲۴۵)
وہ جو نئے تخلیق کردہ مسلمانوں کا طریقہ جانتے ہیں
یہ بھی جانتے ہیں کہ اس راستے سے گذر جانے کا مطلب
اللہ تعالیٰ کی مکمل اطاعت ہے۔
اللہ تعالیٰ یہ چاہتا ہے کہ ہم اپنے
زور بازو سے اس کے ساتھ تعلق رکھنے
کی معذوری کو تسلیم کریں۔
ایمان کے ذریعے ہمارے گنہگار
جسم کی طاقت کو بھول جانے کے
سمندر میں غرق کرنا ہوگا، اور یہ
خدا کی روح کے فضل سے ہی یعنی
صبغت اللہ میں ایمان کے تابع
ہونے سے ہو سکتا ہے۔
حضرت عیسیٰؑ کے لئے صبغت اللہ
ایک ایسا متبرک وضو ہے جو اس نے
آزمائش کے پہاڑ پر دعا کی تیاری میں قائم کیا
جیسے آدمؑ بھی شیطان سے آزمایا گیا

اور گناہ آلود فطرت، جو موت کی طرف لیجاتی ہے،
کے باعث گمراہ امت کا سربراہ بنا۔
پس نیا آدمؑ یعنی حضرت عیسیٰؑ
جو آدمؑ کے مشابہ ہے (۲۴۶)
وہ بھی شیطان سے آزمایا گیا

(۲۴۲) یوحنا ۱۹: ۳۸
(۲۴۳) امثال ۲۹: ۲۵
(۲۴۴) متی ۱۰: ۳۳
(۲۴۵) ۲۔تھمتھیس ۲: ۱۲
(۲۴۶) سورۃ آل عمران ۳: ۵۹

or Joseph of Arimathea
to come "secretly for fear" of his own people. 242

But it is hazardous and folly
to pamper oneself indefinitely in this disobedient state.
For Isa is Lord and he commands the water obedience.
The fear of man brings a snare. 243
and whoever loves his family or anything in this world
more than the Messiah
is not worthy of the Messiah. 244
"If we suffer, we shall also reign with him:
if we deny him, he also will deny us." 245

Those who know of the *tariqa* (way) of *Khalq Jadeed* Muslims
know that the end of the way through
is to submit in total obedience to Allah.
Allah wants us to acknowledge our inability to have
a relationship with God by our own power.
In faith it is the power of our old sinful flesh
that must be drowned "in a sea of forgetfulness"
by the grace of the Spirit of Allah,
through our *sibghat Allah* faith obedience.

For Isa the *sibghat Allah* was a *wudu* (ablution) of consecration
that he took in preparation for his prayers
in the mountain of Temptation.
Just as Adam was tempted by Satan
and became the head of a lost *ummah* (community)
corrupted by a sin-nature leading to death,
so the New Adam, Isa,
who is after the "similitude...of Adam" 246
was also tempted by Satan,
and became the head of a saved *ummah* (community),

---

242 John 19:38
243 Proverbs 29:25
244 Matthew 10:37
245 II Timothy 2:12
246 House of Imran 3:59

مگر وہ گناہ کی طاقت سے آزاد اور ابدی زندگی میں
پاک ٹھہرایا گیا اور مخلصی یافتہ امت کا سربراہ بنا۔
حضرت عیسیٰؑ اس بات میں یقین نہیں رکھتے تھے
کہ پانی میں بذاتہ شیاطین کو دور رکھنے کی طاقت ہے
اور نہ ہی اس بات میں کہ آدمیوں کا کوئی طلسم،
خون سے عاری کلام، شیطان کو بھگا سکتا ہے۔
حضرت عیسیٰؑ نے پانی کے وضو کو شیطان سے
بچنے کے لئے استعمال نہیں کیا
وہ تو اللہ کے ابدی روح سے معمور تھے
اور کلام اللہ کے لئے اپنے موقف پر قائم رہے
اور سب کچھ برداشت کرنے کے بعد
بھی وہ قائم رہے۔
عیسیٰؑ المسیح جب وہ خدا کی تابعداری میں
صبغت اللہ کے لئے جھکے
اور رسولی عمل کے تحت پانی میں غوطہ لیا
تاکہ دنیا کو دکھائیں کہ وہ کیا کرنے کو تھے
وہ مر کر دفن ہونے اور پھر جی اٹھنے کو تھے۔

ہم جو مسیحی مسلمان ہیں
نئی پیدائش کے بپتسمہ میں یقین نہیں رکھتے۔
صرف خدا ہی ہمیں نئی پیدائش کے معجزے سے تبدیل کر سکتا ہے۔
جتنا چاہے پانی استعمال کریں کچھ نہ ہوگا
خدا ہی ابدی زندگی دینے والے پانی سے، اپنی روح بھیج کر،
ہمیں ہمارے شرارت بھرے دلوں سے پاک کر سکتا ہے۔
"کون کہہ سکتا ہے کہ میں نے اپنے دل کو صاف کر لیا ہے
اور میں گناہ سے پاک ہو گیا ہوں؟" (امثال ۲۰:۹)

اور نہ ہی ہم یہ یقین کر سکتے ہیں کہ ہم اپنے آپ کو
قانونی صفائی یا مذہب کے لاتعداد قوانین کے ذریعے
پاک کر سکتے ہیں۔
اگر ہم اپنے آپ کو اس قانون کے ماتحت کریں
جو عیسیٰؑ المسیح کی طرف سے نہیں اور
ہم حضرت عیسیٰؑ کے اللہ کے پاک کلام کی حیثیت سے
تابع ہونے سے انکار کریں تو ہم روحانی نجاست کی حالت میں
اپنے ہی گناہوں میں گھر کر مر جائیں گے۔

ایمان سے ہم پانی کے نیچے جاتے ہیں
یہ یقین رکھتے ہوئے کہ ہمارے اندر کا پرانا
آدمی مر چکا ہے

(۲۴ے) یوحنا ۸:۲۴

freed from the power of sin and sanctified for eternal life.
Isa did not believe that the water itself
had any power to ward off demons,
nor did he believe that any charm containing the bloodless word
of men could make Satan flee.
Isa did not use the water of his *wudu* (ablution)
to resist the devil.
He was filled with the eternal Spirit of Allah
and he took his stand on the Word of Allah,
and having stood all, he was able to stand.

Isa al-Masih, when He obeyed God
by submitting to the *sibghat Allah,*
went under the water as a prophetic act
to show the world what he would do:
he was going to die and be buried,
and then he was going to rise again.

We who are messianic Muslims
do not believe in baptismal regeneration.
Only God can regenerate us with the new birth miracle.
No amount of water can do it.
Only God can send the Eternal Holy Spirit
to cleanse a wicked heart with the waters of eternal life.
"Who can say, I have made my heart clean,
I am pure from my sin?" (Proverbs 20:9)

Nor do we believe that we can cleanse ourselves
by legalistic washings and endless rules of religion.
If we put ourselves under laws
we did not receive from Isa al-Masih,
and if we refuse to submit to Isa as Allah's Holy Word,
we shall die in our sins, [247]
in a state of spiritual uncleanness (*najasa*).

By faith (*iman*) we go under the water
believing that we are dead to the old inner man
and will become a new creation with a new inner man
when we rise to live,

---

247 John 8:24

اور ہم باطنی لحاظ سے نئے آدمی بن چکے ہیں
یعنی جب اٹھتے ہیں تو نئی تخلیق بن کر زندہ ہوتے ہیں
اور گناہ کا ہماری زندگیوں پر اب کوئی اختیار نہیں ہے
یہ خدا کا باطنی انسان کا ختنہ کرنے کا طریقہ ہے
اور اللہ تعالیٰ سے بہتر بپتسمہ کون کر سکتا ہے؟(۲۴۹)
